Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitized by eGangotri

منظوم کرامات

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

فخرِ گلستان

۱۴۴۱ھ

مصنف: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

سن تحریر ۱۱ر صفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء

ترتیب، تدوین وحل اللغات

قطمیرِ غوث اعظم ﷺ و لطیف لا اُبالی ﷺ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجاد

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الہند)

زیر اہتمام

سید عبدالمقسط قادری لا اُبالی الجیلانی مقیم (کمپوٹر انجینئر)

Digitized by eGangotri & Sarayu Trust. Funding by MoE-IKS
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Malik Sahib Qadri Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

منظوم کرامات

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاأبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

فخرِ گلستان

۱۴۴۱ھ

مصنف: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

سن تحریر ۱۱ر صفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء

ترتیب، تدوین وحل اللغات

قطمیرِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ولطیف لاأبالی رحمۃ اللہ علیہ

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاأبالی الجیلانی سجاد

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الھند)

زیر اہتمام

Scanned

سید عبدالمقسط قادری لاأبالی الجیلانی مقداد (کمپیوٹر انجینئر)

Digitized by eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization Sponsored By eGangotri

کتاب کے بارے میں

یک از مطبوعات دار الھدیٰ سلسلہ نمبر 71

نام کتاب	:	فخرِ گلستان
مصنف	:	محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ
مرتب	:	ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی
سنہ اشاعت	:	۱۱ ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق 9 ڈسمبر 2019ء
تعداد صفحات	:	44
تعداد اشاعت	:	1000
قیمت	:	100
کتابت	:	محمد جاوید در مطبع دار الھدیٰ
سرورق	:	حافظ محمد انوار اللہ صاحب
طباعت	:	مطبع دار الھدیٰ، مستعد پورہ، حیدر آباد۔
ناشر	:	دار الھُدیٰ پبلیشر

13-4-486, بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب ؒ

مستعد پورہ ؛ کاروان ؛ حیدر آباد۔500 006۔

تلنگانہ اسٹیٹ۔الھند۔

فون نمبر: 040-2482 9438, 0091-9396354301,

8686223494, 8099574487

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

رسم اجراء بدست

احسن المشائخ حضرت مولانا سید شاہ محمد فضل اللہ قادری الموسوی التمیمی صاحب مدظلہ العالی

(سجادہ نشین بارگاہ حضرت سید شاہ موسیٰ قادری قدس اللہ سرہٗ پل قدیم حیدرآباد)

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالہدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پور حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپئے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپئے کا اضافہ ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔500006۔

لاابالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لاابالی کرنول۔ کاظم سیریز حیدرآباد۔

عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد۔ شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد

حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد۔ مینار بک ڈپو نزد چار مینار، حیدرآباد۔

ہدیٰ بک ڈسٹریبیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد۔ ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

فہرست

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ
۱	کتاب کے بارے میں آراء	2
۲	حقوق و دستیابی کا پتہ	3
۳	فہرست عنوان ھا	4
۴	ابتداء	5
۵	قطعہ تاریخ اشاعت	7
۶	حالات حضرت فخرِ اولیاءؒ	8
۷	کرامتِ اول	10
۸	کرامتِ دوم	18
۹	کرامتِ سوم	28
۱۰	کرامتِ چہارم	35
۱۱	فہرست مطبوعاتِ دارُالھدیٰ	39

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

ابتداء

الحمد لله الذی و کفی . والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا و شفیعنا و حبیبنا و نبینا و مولانا محمدنِ المصطفی صلی اللہ علیہ و الہ و سلمَ . وعلی الہ و ازواجہ و اصحابہ و زریتہٖ و اھل بیتہٖ و اولیاءِ امتہٖ اِلی اھل التقی النقی. اما بعد.

زیرِ نظر کتاب حضور فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کی کرامات پر مشتمل ہے جسے استاد سخن محمد خواجہ معین عارف بیابانی عارفؔ نے بتاریخ ۲۱ر صفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء کو منظوم کیا۔

اِس کے شاعر اور مصنف عارفؔ بیابانی حضرت فخر اولیاءؒ سے بے پناہ عقیدت اور محبت رکھنے والے مُرید خاص تھے۔ اپنے پیر و مرشد کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لئے جن کرامات کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اُسے منظوم تاج پہنا دیا۔

استاد سخن محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ اپنے دور کے ممتاز و مشہور شاعر گزرے ہیں جو اپنے پیر و مُرشِد کی شان میں چار منظوم کتابیں مختلف ناموں سے تحریر کئے۔ عارف بیابانی صاحب نے جتنا کلام اپنے پیر و مرشد کی شان میں لکھا وہ الحمدللہ محفوظ ہے مگر ان کا دوسرا کلام دستیاب نہ ہو سکا۔

مَیں نے اِس کتاب کا تاریخی نام ”فخرِ گُلستان ۔ ۱۴۴۱ھ“ رکھا۔

اِس کتاب میں چار منظوم کرامات ہیں۔

پہلی کرامت ۵۰ اشعار پر مشتمل ہے۔

دوسری کرامت میں ۶۳ اشعار ہیں۔

تیسری کرامت میں اشعار کی تعداد ۳۹ ہے۔

چوتھی کرامت کے ۲۱ اشعار ہیں۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

جملہ اشعار کی تعداد ۱۷۳ ہے۔

ہر کتاب کی طرح اس کتاب پر بھی میں نے تاریخ قطعہ (سنہ اشاعت) تحریر کیا جس میں سنہ ہجری ۱۴۴۱ھ اور سنہ عیسوی 2019 برآمد ہوتا ہے۔ فصیح اور فارسی الفاظ کی حل اللغات کی گئی اور جہاں عوام الناس کا املاء کے غلط پڑھنے کا اندیشہ تھا وہاں اعراب بھی لگا دیئے گئے تاکہ الفاظ صحیح پڑھے جاسکیں۔

مَیں شکر گزار ہوں برادران خرد سید عبدالمتعال قادری لاابالی، سید عبدالمستعان قادری لاابالی، سید عبدالمقسط قادری لاابالی، سید عبدالمؤخر قادری لاابالی کا جو وقتاً فوقتاً میری مدد کرتے رہے۔ اور جب کبھی تحریری کام کرتے کرتے تھک جاتا تو میرے فرزند سید عبداللطیف ثانی قادری لاابالی، اور میرے بھتیجے بھتیجیاں بالترتیب مقدام، عمار، امامہ، مخنف، امیرہ، دستگیر اطال اللہ عمرھم میرپاس آتے اور کچھ دیر کھیلتے جس کی وجہ سے مَیں تازہ دم ہوجاتا اور پھر کام میں مصروف ہوجاتا۔

آخر میں مَیں شکریہ ادا کرتا ہوں محمد جاوید صاحب، محمد انوراللہ صاحب کا جو کتابت اور طباعت کے مراحل انجام دیئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اِس کارِ خیر کو قبول و منظور فرمائے۔ آمین

از

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب

۳ ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق یکم دسمبر 2019ء یکشنبہ

Digitized by eGangotri Sarayu Trust. Funding by MoE-IKS Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moeed Saheb Qadri Digitized by eGangotri

قطعہ تاریخ۔ازمرتب

غیضِ گلدستۂ اطہر شہِ عبدالرزاق

غیثِ بارانِ منور شہِ عبدالرزاق

طَقسِ رحمت کہو یا فخرِ گلستاں سجّاد

یہ ہیں منصور مظفر شہِ عبدالرزاق

ہر مصرعہ کے سرِ حرف کے اعداد جمع کرنے سے 2019 نکلتا ہے۔

لفظ ' فخرِ گلستان ' کے اعداد جمع کرنے سے ۱۴۴۱ھ برآمد ہوتا ہے۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitized by eGangotri

حضرت فخر اولیاءؒ کے مختصر حالات

پیر و مُرشد شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاأبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ کی ولادت تعلقہ ادونی ضلع کرنول میں ۵ر محرم الحرام ۱۳۰۶ھ مطابق ۴ر آبان ۱۲۹۷ف مطابق ۱۲ر ستمبر ۱۸۸۸ء یوم چہار شنبہ ہوئی۔

والد محترم کا نام حضرت سید شاہ غوث قادری لاأبالی الجیلانی اور والدہ محترمہ کا نام سیدہ خاتون صاحبہ بی بنت حضرت سید شاہ طاہر مُجیدی ہے۔

حلیہ مبارک: متوسط قد، کشادہ و بلند پیشانی، ابرو غیر پیوستہ، بلندی بینی، آنکھوں کے نیچے حلقے، رنگ صاف ڈاڑھی غیر گنجان اور تھوڑی پر (دونوں گالوں پر ڈاڑھی کے بال بہت کم تھے)، گردن بلند، گھر میں ہمیشہ سفید کرتا پاجامہ زیب تن فرماتے اور کروشیا کی سفید گول ٹوپی پہنتے۔ نماز جمعہ کے لئے یا کسی تقریب میں جانے کے لئے کبھی عبا اور کبھی شایا استعمال فرماتے اور عمامہ باندھ کر کندھے پر تیلیہ رومال ڈالتے۔ بسا اوقات شیروانی بھی استعمال فرماتے۔

آپ کا سلسلہ نسب: آپ کا سلسلۂ نسب ۲۳ ویں پشت میں حضور غوث اعظم سیدنا شیخ عبدالقادرِ جیلانی سے اور ۳۴ ویں پشت میں حضرت سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملتا ہے یہ شجرۂ نسب تذکرہ اجداد ہادی، عطائے عطا، اور تذکرہ فقیر میں موجود ہے۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rehman Qudrat Digitization eGangotri

خوارق و کرامات: آپ کی کرامات بے شمار ہیں جن کا سلسلہ آج بھی جاری ہے جو تذکرہ فقیہ میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

سفر: اللہ رب العزت نے آپ کو حج بیت اللہ اور زیارت مدینہ منورہ کی سعادت سے مشرف فرمایا۔ یہ سفر بحری جہاز سے چھ ماہ سے زائد عرصے کا تھا۔ حج بیت اللہ کے علاوہ عراق، شام، اردن اور قبلۂ اول بیت المقدس (فلسطین) کا بھی آپ نے سفر فرمایا اور یہ بھی چھ ماہ کا سفر تھا۔ یہ دونوں بحری دلچسپ سفرنامے الحمدللہ کتابی شکل میں دستیاب ہیں۔

وصال: سات ماہ علالت میں گزار کر ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ م ۱۸ دسمبر ۱۹۵۳ء بروز جمعہ بعد عصر مکان مسکونہ کی خانقاہ میں وصال ہوا۔ ۱۱ ربیع الثانی کو مسجد چوک میں بعد نماز ظہر نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور بعد نماز عصر اندرون احاطہ درگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں تدفین عمل میں آئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں مُریدین و معتقدین کا جمِ غفیر موجود تھا۔

جانشین: آپ کے بھتیجے حجۃ العلماء والمشائخ ہادیٔ دکن حضرت شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ (جنہیں آپ نے اپنی حین حیات ہی اپنا جانشین مقرر فرمادیا تھا) آپ کے جانشین، سجادہ نشین اور مسندِ رُشد و ہدایت سلسلۂ عالیہ قادریہ رزاقیہ لاابالیہ پر جلوہ افروز ہو کر ۵۰ سال تک بندگان خدا کو راہِ ہدایت دِکھاتے ہوئے 450 تحقیقی کتب تصنیف و تالیف فرمائے۔

راقم الحروف: راقم الحروف (مرتبِ کتاب ھٰذا) حضرت ہادیٔ دکن ڈاکٹر سید شاہ محی الدین قادری ہادی لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کا خلف اکبر و جانشین ہے۔

فقط مرتب

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahman Quadri Digitization eGangotri
Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahman Quadri Digitization eGangotri

حضرت فخر الاولیاء کی کرامت اول (۱)

زندگی کے آخری ایام میں تھے جب حضور
آپ میں ہونے لگا کشف و کرامت کا ظہور

حق کا نعرہ تھا زباں پر، تھی عبادت اَوج پر
جا چکا تھا آپ کا ہر ذوقِ طاعت اَوج پر

ایک سچا واقعہ حضرت کا ہے گذرا ہوا
میں سناتا ہوں جہاں والو سنو! دل سے ذرا

احمدی بیگم(۱) جو تھیں مایوسِ دل اور نامراد
پیر و مرشد پر مگر رکھتی تھیں پکا اعتقاد

مدت سے تھیں مہلک مَرَض سرطان(۲) میں
خدا کے فضل سے مضبوط تھیں ایمان میں

کھائے جاتا تھا انہیں ہر لحظہ بیماری کا غم
بن گئی تھیں فی الحقیقت پیکرِ رنج و الم

---

(۱) حیدرآباد کے مشہور و معروف ڈاکٹر سید عبدالسبحان کی ممانی کی ہمشیرہ (بہن)۔ (۲) کینسر۔

Digitized By eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri & Digitization eGangotri

دوڑتی تھیں اپنی بیماری سے تدبیر نجات
ٹک سکھ اور چین سے کٹ جائیں ایام حیات

اَقرباء نے اِن کے، اِن کو رائے جرّاحی[1] کی دی
تاکہ ہوجائے بہت آسان یہ منزل کڑی

خوف تھا پیدا نہ ہوئے جان کو خطرہ کہیں
اس لئے جراحی پہ تیار و آمادہ نہ تھیں

روح کو تسکین نہ تھی، حاصل نہ تھا دل کو سکون
مضطرب تھیں اور پریشاں، ہورہا تھا غم فزون

یاس کے عالم میں اُن کا قلب جب گھبراگیا
پھر تصور نیک دل خانم نے حضرتؒ کا کیا

یک بیک حاضر ہوئیں وہ مرشدِ کاملؒ کے پاس
ایک قلبِ با صفا اور ایک اہلِ دل کے پاس

ادب ہوکے سنایا اُن سے سارا ماجرا
انہوں نے رائے اور جو حال بیماری کا تھا

---

[1] آپریشن۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Trust & eGangotri Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

پیر و مرشد نے سنا جب ماجرائے دردِ دل

داستانِ مرضِ موذی ، ماجرائے دردِ دل

سُن کے سارا ماجرا پھر دی تسلی آپ نے

سَر پہ بیٹی کے رکھا دستِ شفقّت باپ نے

پھر کہا تم خوف کو دل میں نہیں لانا کبھی

ہوش قائم رکھنا اپنا ، اور نہ گھبرانا کبھی

بے شبہ پھر دُور مرضِ لا دوا ہوجائے گا

تُو خدا پر رکھ یقین فضلِ خدا ہوجائیگا

احمدی بیگم نے جب پائی تسلی ، دِلدھی

ہوگئیں تیار جراحی پہ از راہِ خوشی

احمدی بیگم نے حضرتؒ سے کہا پیرِ فہیم

میں بتانے جا رہی ہوں ایک ہے حاذق حکیم

فی الحقیقت تھی شِفاء خانے کو جانے کی غرض

اور چُھپایا پیر و مرشد سے جو تھی اُن کی غرض

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qadri Digitization eGangotri

سُن کے حضرت نے یہ فرمایا کہ ہُوں میں جانتا
جارہی ہو تم شِفاء خانے کو بے شک و شبہ
وقتِ جراحی رہوں گا میں تمہارے ساتھ ہی
فضل فرمائے گا مولائے دو عالَم واقعی

وقتِ جراحی فقط مَیں ہی نہ خانم آوں گا
غوثِ اعظمؓ کو بھی جاکر ساتھ اپنے لاوں گا
وقت وہ تھا آپ فالج کی وجہ سے کم زور تھے
چلنے پھرنے بیٹھنے اٹھنے سے بھی مجبور تھے

سب تعجب کر رہے تھے کیسے جائینگے حضور؟
اور شہِ بغداد کو کس طرح لائینگے حضور؟
تخلیہ فرمادیا حضرت نے پھر خدام سے
وہ اکیلے ہی اکیلے اپنے کمرے میں رہے

ساتھ رہنے کی کسی کو بھی اجازت ہی نہ تھی
اور استفسار کی لوگوں میں جرات ہی نہ تھی

Hazrat Haadi-E-Deccan Trust Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Quadri Digitization

وقت جب گذرا زیادہ ' سب یہاں حیران تھے
انتہائے فکر میں سب کے خطا اوسان تھے
بڑھ گئیں بیتابیاں ' جب شوقِ نظّارہ ہوا
دیکھ کر منظر تحیر خیز دل پارہ ہوا
تھا وُجودِ ظاہری گم گشتہ مرشِد کا یہاں
کاروان سے دُور تھے اُس دم امیرِ کاروان
دَرز سے دروازے کی دیکھا جنہوں نے یہ سماں
آپ کمرے میں نہیں تھے ' تھا دو شالہ آپ کا
احمدی بیگم سناتی ہیں یہ اَپنا ماجَرا
وقت جزاحی جو اُن کے سامنے پیش آگیا
سارے کمرے بند تھے جز ڈاکٹر کوئی نہ تھا
ہاں مگر وہ پیرِ کامل اِس جگہ موجود تھا
ہو رہا تھا عمل جزاحی نہایت تیز تر
چل رہے تھے نشتر و قینچی بھی اُن کے جسم پر

Digitized by eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

ایک روحانی مسیحا بھی برابر ساتھ تھے

ان کے سر پر پیر و مرشدؒ کے مبارک ہاتھ تھے

دیکھ کر منظر دلِ ناشاد بھی پھر شاد تھا

سامنے مرشِد کھڑے تھے روضۂ بغداد تھا

ہر طرح سے ان پہ جراحی ہوئی تھی کامیاب

اِن کے سر سے ٹل گیا سرطان کا جانی عذاب

پیر و مرشِد کے مکان کا تم سنو اب حال

ہیں حقائق اس میں پنہاں، ہے بے شک و شبہ

پھر نکل کر تخلیے سے آگئے باہر حضورؒ

آپ نے فرمادیا اپنی کرامت کا ظہور

صبح ساڑھے نو بجے مرشِد نے سب سے کہہ دیا

احمدی بیگم کا اِمروز آپریشن ہوا

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Salim Qadri Digitization eGangotri

غرقِ حیرت ہو رہا تھا آج ہر فردِ بشر

پیر و مرشِد دے رہے تھے رازِ پنہاں کی خبر

خادموں کو جب ہُوا معلوم یہ رازِ نہاں

آپ رونے لگ گئے کہ ہوگیا ہوں میں عیاں

کرلیا خدام نے اپنے دلوں میں یہ خیال

وقت آخر آگیا ' نزدیک ہے ان کا وصال

واقعہ کی اصلیت پوچھی جو پھر خدام نے

پیش آئے جو مراحل پیر نے سب کہہ دئے

آپ نے فرمایا میں پہونچا جہاں آباد میں

بارگاہِ غوثِ اعظمؒ والئی بغداد میں

عرض کی سرکار میں ' تشریف لانے کے لئے

اور اک بگڑی ہوئی قسمت بنانے کے لئے

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moeed Sahib Qadri Digitization eGangotri

شوق سے سرکار نے منظور فرمایا اِسے

نظرِ لطف و فیض کی ، سرکار کی کیا پوچھئے

ساتھ پھر تشریف لائے غوثِ اعظمؒ دستگیر

غمگسارِ بیکساں وہ حضرتِ پیرانِ پیرؒ

یہ نہیں ہے من گھڑت کوئی حکایت دوستو

احمدی بیگم ہیں اک زندہ شہادت دوستو

اک مہینے بعد ہی دنیا نے دیکھا ہے یہ حال

لے گئے تشریف دنیا سے حضورؒ با کمال

ختم شد

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

کرامت دوم (۲)

ہے دکن میں سبزی منڈی اک مقامِ پُر فضا
اور یہاں کی ہے نہایت خوشگوار آب و ہوا

پیر و مرشدؒ کا اس بستی میں دولت خانہ ہے
علم کا دربار ہے ' عرفان کا کاشانہ ہے

حضرتؒ ذیجاہ اس گھر میں ہی تھے عزلت نشین
رشک اپنے بخت پر کرتی ہے بیشک یہ زمین

پیر کے باعث ہی اس گھر نے فضیلت پائی ہے
اہل دنیا کی نگاہوں میں بھی عزت پائی ہے

کر رہا ہوں میں رقم اس وقت جو بھی تذکرہ
وہ حقائق پر ہے مبنی ایک سچا واقعہ

سنئے یہ سچی حکایت ہے بہت ہی پُر اثر
جھوٹ کا اس میں نہیں ہے شائبہ کوئی مگر

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri

پاس کے اک گھر میں اور حضرت کے مسکن کے قریب
ایک مدت سے فروکش تھے حکیمِ خوش نصیب

وضع کے پابند تھے وہ اپنے فن میں طاق[1] تھے
معتقد حضرتؒ کے تھے اور صاحب اخلاق تھے

تھا غلامِ محی الدین آپ کا مسعود نام
اور حقیقت میں محی الدین کے تھے وہ غلام

نامِ غوث پاکؒ سے ان کو بہت ہی اُنس تھا
دستگیرِ بے کساں پر تھے دل و جان سے فدا

پیر و مرشِد کی علالت کا زمانہ آگیا
درد و غم کا ' یاس کا بادل فضاء پر چھا گیا

حضرت والا بہر صورت بہت بیمار تھے
بیٹھنے اُٹھنے سے بھی معذور تھے ' لاچار تھے

---

(۱) تنہا ماہر ' یکتائے زمانہ۔

Digitized by eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Qadri Digitization

اس حکیم با وفا نے خواب دیکھا ایک رات
ہوچکیں اوپر کے شعروں میں بیاں جن کی صفات

دیکھتے کیا ہیں کہ پیرِ معرفت و راہبر
جلوہ فرما ہیں بصد اعزاز و عظمت اُن کے گھر

دفعتاً فرمایا حضرتؒ نے یہ مجھ ناشاد سے
میں یہاں سیدھا چلا آتا ہوں اب بغداد سے

مرتبہ ہے جن کا اعلیٰ ، جن کی عالی شان ہے
یعنی غوث پاکؓ کا صادر ہُوا فرمان ہے

آپ سے صاحب قصیدہ غوثیہ جاکر سنوں
روح کو راحت ملے دل کو ملے چین و سکوں

آج ہی صورت نکل آئے کوئی تسکین کی
کیجئے تعمیل احکامِ محی الدّین کی

ہاں مگر واضح رہے تم پر حکیمِ خوش خصال
رکھئے اپنے سامنے ہر وقت ہی اِس کا خیال

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qudrat Digitization eGangotri

وہ قصیدہ یوں سُناؤ جس میں پوری آن ہو

یعنی اس میں روح باقی اور اِس کی جان ہو

سن کے ارشاداتِ حضرت کے، حکیم نیک تر

ہوگئے خاموش و ساکت پیر کی اس بات پر

وہ وفادارِ طریقت اور وہ آئین گش

سوچ میں تھے کر رہے تھے اپنے دل میں پس و پیش

ہوش تھے کھوئے ہوئے سے اور طبیعت تھی گراں

ہو رہا تھا حال گویا غیر اِن کا ناگہاں

ان کی حالت دیکھ کر پھر پیر و مرشدؒ نے کہا

تم نہ گھبراؤ سُنو باتیں مری دل سے ذرا

صاحبِ حکمت سے پوچھا پیر و مرشد نے بجا

ہاں ذرا بتلائے وہ دل ہے کیا قرآن کا؟

جب نہ پایا ان سے اس کا آپ نے کوئی جواب

آپ ہی کہنے لگے پھر حضرتِ عزت مآبؒ

Digitized by eGangotri Sarojini Devi Eye Research Institute, Hyderabad
Hazrat Haadi-E-Deccan Library

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

دل تو قرآں کا بلاشبہ ہے یٰسٓ شریف

وِرد سے جس کے توانا ہوں زمانے کے ضعیف

روح کیا شئے ہے؟ کہا حضرت نے خود ہی' ہے سلام

باعث توقیر و عظمت ہے بلا شک یہ مقام

دیر ہونے میں نہیں کچھ فضلِ مولائے کریم

قولٌ مِّن الرَّبِ الرحیم و قولٌ مِّنْ الرَّبِ الرَّحیم

پیر کے اصرار پر بھی وہ حکیمِ با وقار

عذر کرتے ہی رہے یونہی بہ راہِ اِنکسار

معذرت خواہی پہ اُن کی پھر یہ حضرتؒ نے کہا

رہ نمائے معرفت ' پیرِ طریقت نے کہا

آپ کی مرضی ' کہا میرا نہ پورا کیجئے

جاؤنگا بغداد میں اپنا دل مضطر لئے

غوث اعظمؒ سے کروں گا میں شکایت آپ کی

پھر عیاں ہوجائیگی اِس پر حقیقت آپ کی

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

ڈر گئے ، گھبراگئے پھر وہ حکیمِ با کمال
معذرت خواہی پہ اپنی تھے بہت ہی پُر مَلال

پیر پر کردی عیاں شرم و ندامت آپ نے
اُٹھ کے فوراً تھاما دامانِ طریقت آپ نے

میں سناتا ہوں قصیدہ غوثیہ سن لیجئے
بعد میں آقا مرے ، میری شکایت کیجئے

با ادب ہو کے قصیدہ آپ نے جس دم پڑھا
پھر فضائے دھر میں گونجی صدائے مرحبا

پیر و مرشد نے سنا جب یہ کلامِ پُر اثر
ایک کیفیّت سی طاری ہوگئی تھی قلب پر

جذب کے عالم میں کھوکر جھومتے جاتے تھے پیر
آپ پر جاری تھا فیضِ غوثِ اعظم دستگیرؒ

اس مبارک خواب کے اگلے ہی دن وہ شاد کام
عرض کرنے کے لئے حضرت کی خدمت میں سلام

Hazrat Haadi-E-Deccan Trust & eGangotri Digitized by eGangotri Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheman Qadri Digitization eGangotri

بارگاہِ پیر میں وہ شاداں حاضر ہوئے

خواب کے حالات حضرت کو سنانے کے لئے

تھے سراپا پیر حق کی یاد میں کھوئے ہوئے

اور سارے معتقد تھے آپؒ کو گھیرے ہوئے

کی عیادت آپ نے حضرت کی بعد کورنش(۱)

اور چاہا تھا مٹائیں اپنے دل کی وہ خَلِش

پیر نے جب اُن کو دیکھا دفعتاً فرمادیا

ہاں مجھے پھر سے سناؤ تم قصیدہ رات کا

صاحبِ حکمت کو یہ سنتے ہی حیرت ہوگئی

ساتھ ہی پھر پیر سے سچی محبّت ہوگئی

اس حکیم با وفا نے وہ قصیدہ پھر پڑھا

جس کو حضرت نے گزشتہ رات تھا اُن سے سُنا

---

(۱) جھک کر سلام کرنا۔

Digitized by eGangotri Sarayu Trust. Funding by MoE-IKS
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

کشف کے آثار حضرت سے عیاں ہونے لگے

اُن کے منہ سے رازِ عرفاں کے بیان ہونے لگے

کشف اِن میں کیوں نہ ہوتا صاحبِ اسرار تھے

بے گماں علمِ طریقت کے علمبردار تھے

پیر نے پھر عالَمِ روحانیت کی سیر کی

صاحبِ حکمت کے حق میں بھی دعائے خیر کی

جذب کے عالَم میں فرمانے لگے پیر سخی

یہ کہ تم ہو بارگاہِ لا اُبالیؒ کے ولی

پیر و مرشد کا جہاں سے ہوگیا آخر وصال

بعد رحلت پیر کے گذرا تھا جبکہ ایک سال

واقفِ اسرار یعنی حضرتِ شاہ لطیفؒ(۱)

نیک سیرت، نیک خصلت تھے جو انسانِ شریف

---

(۱) سید الابدال حضرت سید شاہ عبداللطیف قادری الملقب والخاطب من اللہ تعالیٰ بہ لا ابالی، الحموی الجیلانی۔ کرنول۔ آندھرا پردیش۔ حضرت فخر اولیاءؒ کے جد امجد۔

Digitized by eGangotri & Sarayu Trust. Funding by MoE-IKS
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudri Digitization eGangotri

جد امجد تھے جو موسیٰ قادریؒ اور پیر[1] کے

سلسلے کی جو کڑی ہیں غوثؓ کی زنجیر کے

جل رہے ہیں جن کے دنیائے طریقت میں چراغ

روشنی دیتی ہے گم گشتوں کو منزل کے سراغ

مُژدہ سنتے ہی دل مشتاق پھر سے شاد تھا

خواب میں تشریف لائے اور یہ ارشاد تھا

جلد ھی کرنول آجائیں حکیم خوش خصال

تاکہ دِینی دولتوں سے بہرہ ور ہوں اور نہال

آستانِ فیض پر موصوف کو بلوالیا

مہربانی ان پہ فرمائی انہیں چمکادیا

ان کو بخشا پھر سے اعزاز خلافت آپ نے

قلب میں ان کے بھرا نورِ طریقت آپ نے

نور سے فیضانؒ کے پھر قلب روشن کردیا

پھول قسمت کے کِھلے ' ایماں کا گلشن کردیا

---

(۱) حضرت سید شاہ پیر شاہ محی الدین ثانی قادریؒ خلف ثانی حضور سرکار لاابالیؒ۔ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کے سالانہ عرسِ شریف کے موقعہ پر جلوسِ مندل مبارک حضرت سید شاہ پیر شاہ محی الدین ثانی قادریؒ کی بارگاہ سے برآمد ہوتا ہے۔ اِسال ۱۴۴۱ھ مطابق 2020ء میں یہ تاریخی جلوسِ مندل اپنے 154 سال تکمیل کررہا ہے۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri

موجبِ احکامِ حضرت شاہ وجہہ اللہ شاہ

اِسم دینی اُن کا رکھا باشاہ دینِ اللہ شاہ

صاحبِ حکمت کی نسبت صاحب اسرار کے

جو بھی ارشادات واقف تھے وہ پورے ہوگئے

آج تک بھی معترف ہیں یہ حکیمِ با وفا

پیر و مرشدؒ کے کرم سے مل گیا جو مدعا

جو کہا پورا ہوا ' مشکل جو تھی آسان ہے

پیر کامل کی حقیقت میں یہی پہچان ہے

ختم شد

نوٹ: حضرت پیر و مرشدؒ کے وصال کے ایک سال بعد حکیم موصوف کو حضرت سید شاہ عبداللطیف لا اُبالیؒ عالمِ رُویا میں کرنول آنے کے لئے ارشاد فرمائے اور خلافت بھی عطا فرمائی۔ حضرتؒ کے ارشاد کے مطابق حضرت سید شاہ وجہ اللہ بادشاہ صاحب نے حکیم موصوف کو خرقۂ خلافت عطا فرمایا اور اُن اسم دینی بادشاہ دین اللہ رکھا گیا۔ اس طرح حضرت پیر و مرشد کی پیشن گوئی حرف بہ حرف پوری ہوگئی۔

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Qadri Digitization

کرامتِ سوم (۳)

دھیان دے کر گوشِ دل سے سنئے اے اھلِ جہاں
آپ کی میں اک کرامت اور کرتا ہوں بیاں

پیرِ کامل مُرشِد دوراں ' طریقت کے فقیر
ایک ہفتہ قبلِ رحلت حضرتِ روشن ضمیر

زندگی کے آخری ایام میں بیمار تھے
پاس مولا کے وہ جانے کے لئے تیار تھے

تھے سراپا دَرد کی تصویر حضرت نیک تر
جذب کا عالم تھا ان پر اور تھا وقت عصر

معتقد خدام کا تھا پاس ان کے جمگھٹا(۱)
جذب کی حالت سے ان کی ' تھا ہر اک سَہما ہوا

---

(۱) ہجوم ' عوام کی کثرت۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

چہرۂ حضرت پہ آثارِ تغیّر تھے عیاں
ہو رہا تھا مضطرب محفل کا ہر پیر و جواں
پھر زبان پاک سے کلمات یہ جاری ہوئے
لایئے تشریف ، رونق بخشئے ، آجایئے
جذب کے عالم میں خود ہی آپؒ فرمانے لگے
بختیار کعکیؒ حضرت آگئے وہ دیکھئے
آپؒ نے فرمایا پھر یہ بھی بصد عجز و نیاز
آرہے ہیں خواجۂ اجمیرؒ اور غرباء نوازؒ
کہتے جاتے تھے اسی طرح سے حضرت برملا
دیکھو دیکھو آرہے ہیں اور دیگر اولیاء
کہہ رہے تھے اضطرابی میں شہِ عالی گہر
اہتمامِ فرش ہو ، چادر بچھاؤ جلد تر
دفعتاً پھر آپ دو زانو مودّب ہوگئے
عجز سے گردن جھکائے اور نظر نیچی کئے

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

پھر فزوں تر ہوگیا حضرت کا جذب و انہماک
آپؒ نے فرمایا دیکھو آرہے ہیں غوثِ پاکؓ
بات یہ دہنِ مبارک سے ابھی نکلی ہی تھی
دفعتاً خوشبو سی مہکی اور فضاء پر چھاگئی
اہلِ محفل پر رہا طاری خُمارِ محویت
پون گھنٹے تک رہی تقریباً ایسی کیفیت
بارگاہِ غوثیتؓ میں عرض کی پھر پیر نے
حاملِ رمزِ طریقت صاحبِ تقدیر نے
اے کہ تاجِ اولیاء اے قائدِ صاحب دِلاں!
اے غریبوں کے معاون ' دستگیرِ بیکساں
یہ بہت مغموم ہے ' مجبور ہے ' لاچار ہے
عاشقِ صادق مگر یہ آپکا سرکار ہے
حال پر بیچارے کے نظرِ عنایت کیجئے
آپ کا خادم ہے اس کو کوئی خدمت دیجئے

Hazrat Hadi E Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

مرے آقا ' میرے مالک ' میرے سرکار و حضور
آپ کی خدمت میں حضرت پیش ہے عبدالغفور(۱)

خادموں نے دیکھا جب یہ حال تو گھبرائے
اُٹھ گئے محفل سے وہ ' سارے ہی باہر آگئے

آگئے خدام کچھ دم لے کے ' حضرت کے قریں
پیر و مرشدؒ منبعِ رُشد و ہدایت کے قریں

فرش کی چادر اُٹھائی تو ہوئی یہ آگہی
تھی گلاب و مشک کی خوشبو سے وہ مہکی ہوئی

یہ ردائے پاک و اطہر آج بھی محفوظ ہے
دیکھنے والوں کا دل جس سے بہت محظوظ ہے

---

(۱) جب حضرت سید عبدالرزاق قادریؒ بغداد تشریف لے گئے تھے وہاں ان بارگاہ کے ایک خادم عبدالغفور شاہ نے حضرتؒ کو پہچان لیا اور آپ کا دستِ مبارک تھام کر التجا کی کہ آپ حضور غوث پاکؓ سے عرض کر کے مجھے کوئی باطنی خدمت عطا کیجیے ۔ حضرتؒ نے اُن سے وعدہ کرلیا اور وصال سے ایک ہفتہ قبل رزاقی خاندان میں عبدالغفور شاہ کو باطنی خدمت عطا کی گئی۔

Digitized by eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri

صاحبِ تقدیر و قسمت ، صاحبِ فہم و شعور
تھی عنایت جن پہ حضرتؒ کی وہی عبدالغفور

جب ذریعہ خط ہوئے آگاہ ان حالات سے
یعنی حضرت کی سفارش ، اپنے دل کی بات ہے

اک جوابی نامہ لکھا آپ نے بغداد سے
یعنی ارضِ قابلِ تعظیم خلد آباد سے

دُور ہوں حضرت سے لیکن میں بہت مسرور ہوں
پیر و مرشد کی عنایت کا بہت مشکور ہوں

آپ نے کی جو سفارش کام میرے آگئی
سوئی قسمت کو مری دم بھر میں وہ چمکا گئی

خوش میں اتنا ہوں کہ گویا ایک جنت مِل گئی
بارگاہِ غوثیتؒ میں مجھ کو خدمت مِل گئی

بعد میں ایک دوسرا نامہ انہیں بھیجا گیا
جس میں بس رنج و اَلم کا حال تھا لکھا ہُوا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

تھام کر دل سنئے یہ ہے درد و غم کی داستاں

جس کے باعث بتلائے سوگ ہے سارا جہاں

رہبرِ راہِ طریقت ، پیر خوش دل خوش خصال

دارِ فانی سے سُو فرماگئے ہیں انتقال

پھر لکھا اِس پیر کے شیدائی نے اپنا جواب

اس غم آگیں اطلاع سے ہے میری حالت خراب

جس مبارک دن ہُوا ہے میرے مونس کا وصال

لکھ رہا ہوں پورا پورا میں اُسی دن کا یہ حال

اِس مقامِ پاک میں[1] اور اس جہاں آباد میں

جلوہ فرما تھے حضور اس دن یہیں بغداد میں

میرے آقائے طریقت ، مونس و بیکس نواز

اپنے جلوؤں سے مجھے اُس دن کئے ہیں سرفراز

---

(۱) بارگاہِ حضور غوث پاک (بغداد شریف)۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Qadri Digitization

ہو چکا ہوں میں اُسی دن[1] حضرتِ ذیجاہ سے

پیر مالک، اپنے اس عرفاں کے روشن ماہ سے

آج تک محفوظ دونوں خط ہیں اس دلگیر کے

کشف کے تھے یہ کرشمے میرے سچے پیر کے

☆☆☆☆

---

[1] حضرت فخر اولیاءؒ کے وصال کی اطلاع کے لئے بغداد شریف میں مقیم محمد عبدالغفور شاہ کو خط لکھا گیا پھر ایک مہینے کے بعد بغداد شریف سے عبدالغفور شاہ کا جوابی خط آیا جس میں انہوں نے لکھا کہ آپ لوگ کہتے ہیں کہ ۱۰ ربیع الثانی بعد نماز ظہر حضرت پردہ فرما چکے جبکہ ۱۰ ربیع الثانی کو حضرتؒ عصر سے مغرب تک میرے ساتھ بغداد شریف میں بارگاہِ حضور اعظم دستگیرؒ میں تھے۔ (یہ خط الحمدللہ آج بھی محفوظ ہے)۔

Digitized By eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri

کرامت چہارم (۴)

جب گیا دنیا سے جب یہ عِلم کا روشن چراغ
علم عرفاں کا وہ اک سر سبز اور شاداب باغ

سوگ میں اس پیر کے اک خلق بھی مغموم تھی
جسکے علم و فضل کی خُدام میں اک دھوم تھی

جب ہُوا حضرت کا اس دنیائے فانی سے وصال
ہر اک خادم کے دل پر اس جدائی کا مَلال

پیر و مرشِد چل بسے دنیا سے عقبیٰ کی طرف
اپنے مولا کے بلاوے پہ وہ مولا کی طرف

یہ خبر جس وقت ہی مختار پاشاہ[1] نے سنی
بیک اُن کی طبیعت پھر تو گھبرانے لگی

---

(۱) مختار پاشاہ حضرت فخر اولیاءؒ کے چھوٹے سالے سید مسکین پاشاہ کی دختر تھیں جو بھیونڈی، ممبئی کے قریب رہتی تھیں۔ جن کا انتقال ذی الحجہ ۱۴۴۰ھ میں ہوا۔

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qudrat Digitization eGangotri

پیر کے گھر آئیں وہ اپنا دلِ مضطر لئے

تاکہ پرسہ دے سکے اظہار تعزیت کرے

ہو رہی تھی صدمۂ جانکاہ سے وہ اشک بار

تھیں وہ حضرت کی جدائی سے نہایت بے قرار

تعزیت کرلیں ادا وہ اور پرسہ دے چکیں

ہوگئیں برداشت خاطر اور وہیں ٹھہری رہیں

اتفاقاً آپ کی انگشتری(۱) گم ہوگئی

فکر پیدا ہوگئی ان کو پریشانی بڑھی

اور بھی اس واقعہ سے وہ ہراساں ہوگئیں

صبر کرلیں، ضبط کرلیں، چپ رہیں اور سوگئیں

نیند کے دوران میں دیکھا اُنہوں نے ایک خواب

یعنی ہیں تشریف لائے حضرتِ عزت مآبؒ

---

(۱) انگوٹھی۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library By eGangotri Digitized by eGangotri Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qudri Digitization eGangotri

دلدھی حضرتؒ نے کی فرمایا کچھ غم مت کرو
رکھو اطمینان ، گھبراو نہیں ، تم خوش رہو

آنے والی صبح پیغامِ مسرت لائے گی
آپ کی کھوئی ہوئی انگشتری مل جائیگی

اس تسلی سے مِلا مختار پاشاہ کو سکوں
مطمئن وہ ہوگئیں ، پائی مسرت بھی فزوں

صبح اُٹھ کر خادمہ کرنے لگی تھی اپنا کام
تاکہ ہوجائیں فرائض ، اپنے عجلت سے تمام

دفعتاً ہی پڑگئی اس کی نگاہِ تیز تر
گھر کے چولھے سے جو نکلی تھی ابھی اُس راکھ پر

راکھ کے نزدیک آکر اس نے دیکھا غور سے
راکھ میں موجود پائی ایک چمکیلی سی شئے

خادمہ نے راکھ میں جو چیز پائی تھی پڑی
وہ چمکتی شئے حقیقت میں ہی تھی انگشتری

Digitized by eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Qadri Digitization

لے کے تیزی سے اسے آئی وہ پھر بھاگی ہوئی
جنکی تھی انگشتری وہ اُنکے آگے پیش کی
خادمہ بھی تھی بڑی ایماندار و با وفا
کہہ دیا انگشتری ملنے کا سارا ماجرا
یہ حقیقت میں تھا حضرت کے تصرف کا کمال
مل گیا تھوڑے سے عرصہ میں ہی وہ گم گشتہ مال

تمام شُد

Digitized By eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

مطبوعاتِ دار الھدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبد الرزاق قادری لا ابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن ۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ ڈاکٹر سید عبد المھیمن قادری لا ابالی الجیلانی سجادؔ عفی عنہ

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف/مولف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روزمرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعویذ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
۶	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	
۹	شرح المائۃ السعودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitized by eGangotri
Syed Abdul Rahim Quadri Collection

۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	دسمبر 1988
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	دسمبر 1989
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980
۱۴	مختصر احوال علماء و اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990
۱۵	مختصر تاریخ ادبِ عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991
۱۶	تذکرہ اجدادِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992
۱۷	گلدستۂ نعت و منقبت	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993 گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	دسمبر 1994
۱۹	تربیتی و اصلاحی دروس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	دسمبر 1994
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995
۲۱	مجلّہ قادریہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996
۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	دسمبر 1996
۲۳	خیر البشر رسولؐ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	دسمبر 1997
۲۴	فواصلِ قرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	دسمبر 1998
۲۵	حدیقۂ نادی الہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999 گلدستہ

Digitized by eGangotri
Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع النور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۲	جولائی 2001	
۲۸	صد پارۂ دل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۲	ڈسمبر 2001	
۲۹	فاخر فقیر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۳	جولائی 2002	
۳۰	زکوٰۃ کے آسان مسائل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۳	نومبر 2002	
۳۱	حلال و حرام	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۴	ڈسمبر 2003	
۳۲	طیباتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵	جون 2004	
۳۳	ہادی القرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذوالحجہ ۱۴۲۵	فروری 2005	
۳۴	قرآن عزیز اور میڈیکل سائنس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶	جون 2005	
۳۵	شاگردانِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۶	اکتوبر 2005	
۳۶	بزمِ قادریہ ۱۳۲۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالوہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۷	جون 2006	گلدستہ
۳۷	لفظ لفظ لولو	حماد پاشاہ و مشاد پاشاہ (مرتبین)	ربیع الثانی ۱۴۲۸	مئی 2007	
۳۸	گلدستہ محامد اولیاء ۱۳۲۸ھ	ڈاکٹر سید عبدالوہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸	جون 2007	گلدستہ
۳۹	بزمِ قادریہ ۱۳۲۹ھ	ڈاکٹر سید عبدالوہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹	مئی 2008	گلدستہ
۴۰	مناقبِ غوث الثقلینؒ	ڈاکٹر سید عبدالوہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰	اپریل 2009	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

۴۱	مدحِ غریب نواز	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱	اپریل 2010	
۴۲	غمامِ رحمت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲	اپریل 2011	مکاتب سرکار لا ابالیؒ
۴۳	شعر شعر شبنم	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۲	نومبر 2011	
۴۴	نگارشاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۵	سوغاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۶	لطائفِ مہیمن	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۷	گلستانِ محمدی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۸	گلدستہ قادریہ ۱۳۳۴ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۹	خیابانِ قادریہ ۱۳۳۴+۱۴۳۴	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	مارچ 2014	گلدستہ
۵۰	جواہر قادریہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	فروری 2014	گلدستہ
۵۱	چمنستانِ قادریت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶	فروری 2015	گلدستہ
۵۲	دُرِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ربیع الثانی ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۳	گلدستہ قادریہ ۱۳۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۴	گلدستہ قادریہ لا ابالیہ ۱۳۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ

CC-0. Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

۵۵	ارشادات قبول (ناری)	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۷	ستمبر 2016	
۵۶	غرس	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸	جنوری 2017	گلدستہ
۵۷	عاشق	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹	جنوری 2018	گلدستہ
۵۸	باقۃ المفہیمن (عربی)	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مولف)	۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۰ نومبر 2019	
۵۹	خوارقِ عظمت الٰہی (ناری)	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	۱۴ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۳ نومبر 2019	ناری سے ۱۱۱۱
۶۰	صندل	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	گلدستہ
۶۱	راہ جنت	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	طبع ثانی
۶۲	غیم غوثِ صمدانی قصیدہ غوثیہ کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۳	طرسِ رحمانی دعائے سُریانی کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۴	یاجیلانیؓ مناقب غوث اعظمؓ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۳ھ
۶۵	مناقب قطب دوراںؒ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۴ھ
۶۶	تکبر الوداس کے اسباب	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۰ھ
۶۷	گلشن نعت	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۷ھ

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

۶۸	کلیاتِ فقیرؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۶۹	نصرت اثر منظوم سراپا۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956-1376
۷۰	شکر گزار منظوم سوانح۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956-1376
۷۱	فخرِ گلستان۔ منظوم کرامات۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956-1376
۷۲	تخیلات عرض داشت قمر	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956-1376
۷۳	مُرتاض مناقب فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956-1376
۷۴	طشت اذکار	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۷۵	باقۃ المہیمن مرتبہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahman Quadri Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Laoubali Digitization eGangotri

Manzoom Karamaat

Hazrat Fakhre Aouliya

Syed Shah Abdul Razzaq Quadri Laoubali

Al-Maroof Patthar Wale Saheb (Rh)

Fakhr -e- Gulistaan

Auther

Mohammed Khaja Moinuddin Arif Biyabani Arif

Since writing 11\Safar 1376 Hijri, 1956 Ad

Murattib

Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laobali

Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Laoubali Al-Jilani Sajjad

Sjaadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb

Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

Zer-e-Ehtemaam

Al-Haj Syed Abdul Muqsit Quadri

Laoubali Al-Jilani Miqdaad Pasha

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad